भीगी रात

بھیگی رات

اداکاران

پردیپ کمار۔ مینا کماری۔ اشوک کمار۔
کامنی کوشل۔ آئی ایس جوہر۔ راجندر ناتھ
ششی کلا

قیمت دس نئے پیسے

[illegible] بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

گانا نمبرا — بھیگی رات فلم کے

اُف اُف وہ تیرا یہ بانکپن
تو ہی تو جہاں میں نہیں گلبدن
رکھتا ہے جا پر مجھ سے اتنا شین
ہے تو میرا جو نہیں
پھر مجھ کو کیا چاہئیں
یہ تو اور کسی کا ہو
یہ بھی تو ممکن نہیں
جا دیوانے جا پی کو لا پی کو لا
اسماں کھا مجھ کو ذرا ہونٹوں پہ تیری بات ہو
جڑ جائے دل سے دل
ہاتھوں میں تیرے میرا ہاتھ ہو
ہو مگر اے دیوانے مجھ کو کیا جانئے
جو رکھی دوں تو رکھی دوں میں تو ایسی ہوں نازنین
تو میرا جو نہیں ۔ جا
اب تو ہے حسن میرا اپنی ہی اداؤں میں مگن
فرصت ہے کس کو یہاں ڈھونڈے جو تیری انجمن
ہو مگر اے دیوانے ...

میں ہوں شعلہ میں ہوں بجلی
آ ملوں گی میں ہر کہیں
تو میرا جو نہیں......
پر تو...... پی کو لا پی کو لا....

گانا نمبر۲:۔ محبت سے دیکھا خفا ہو گئے ہیں
حسین آج کل کے خدا ہو گئے ہیں
اداؤں میں بھی سادگی اب سے پہلے
واللہ کہاں رنگ تھے سنہرے ✕ ہارو پہلے
او نظر ملتے ہی کیا سے کیا ہو گئے ہیں
حسین آج کل کے...
کسی موڑ سے بن کے سورج نکلنا
تو یہ کہیں دھوپ میں چاندنی بن کے چلنا
ادھر دیکھو جلوہ نما ہو گئے ہیں
حسین آج کل کے...
یہاں تو لگا دل پہ ایک زخم گہرا
ہائے وہاں صرف ان کا یہ انداز ٹھہرا
او خط کر کے بھی بے خطا ہو گئے ہیں
حسین آج کل کے...

گانا نمبر۳:۔ ایسے تو نہ دیکھو کہ بہک جائیں کہیں ہم
آخر تو ایک انسان ہیں
فرشتہ تو نہیں ہم

ہائے ایسے نہ کہو بات کہ مر جائیں کہیں ہم
آخر تو ایک......
انگڑائی سی لیتی ہیں۔ جو خوشبو بھری زُلفیں
گِرتی ہیں تیرے سُرخ لبوں پر تیری زُلفیں
زُلفیں نہ تیری چوم لیں اے مہ جبین ہم
آ۔ ہا ہا
سُن سُن کے تیری بات نشہ چھانے لگا ہے
خود اپنے پہ بھی پیار سا کچھ آنے لگا ہے
رکھنا ہے کہیں پاؤں تو رکھتے ہیں کہیں ہم
آخر تو ایک....
بھیگا سا رُخ ناز پہ ہلکا سا پسینہ
ہے یہ تا جیتی آنکھوں کے بھنور دِل کا سفینہ
سوچا ہے اب ڈوب کے رہ جائیں کہیں ہم
آخر تو ایک.....
گانا نمبر ۲ جانے وہ کون ہے کیا نام ہے اُن آنکھوں کا
دِل پہ انجانی سی تصویر بنا دیتی ہے
جانے وہ کون....
بجھ کے رہ جاتی ہے جب کوئی تمنا دِل میں
ایک چراغ اور بھی چپکے سے جلا دیتی ہے
مجھکو بہلاتی ہے ناشاد جو ہوتا ہوں کبھی
نیند میں رنگ ملاتی ہے جو سوتا ہوں کبھی

جاگتا ہوں تو کوئی خواب دکھا دیتی ہے
جانے وہ کون....
جب بھی اُٹھتی ہے جھلکتی ہے گلابی کی طرح
دیر تک میں تو بہکتا ہوں شرابی کی طرح
کیا کہوں مجھکو ہے کیا چیز پلا دیتی ہے
جانے وہ کون....
روز ملتی ہے اور تنہا بھی رہنے دیتی
یہ ہے بات اور کہ اپنا بھی کہنے دیتی
اور کہہ دوں تو پلک ہنس کے جھکا دیتی ہے
جانے وہ کون....

گانا نمبر۵:۔ دِل جو نہ کہہ سکا
وہی رازِ دِل کہنے کی رات آئی
نغمہ سا کوئی جاگ اُٹھا بدن میں
جھنکار کی سی تھرتھری ہے تن میں
او پیار کی یہ نیند دھڑکتی دھڑکتی
فضاؤں میں رہنے کی رات آئی
اب تک چھپی تھی ایک موجِ ارمان
لب تک جو آئی بن گئی ہے طوفان
او بات پیار کی بہکتی بہکتی
لگا نوں سے کہنے کی رات آئی
گزرے نہ یہ شب کھول دوں یہ پلکیں

"تم کو چھپا لوں موند کے یہ پلکیں
او بےقرار سی لرزتی لرزتی سی
چھاؤں میں رہنے کی رات آئی
گانا نمبر ۶: یہ دل جو نہ کہہ سکا
وہی رازِ دل کہنے کی رات آئی
نغمہ سا کوئی جاگ اٹھا بدن میں
جھنکار کی سی تھر تھری ہے تن میں
او مبارک تمہیں کسی کی لرزتی سی
باہوں میں رہنے کی رات آئی
[redacted] تو یہ کس نے انجمن سجا کے
ٹکڑے کئے ہیں غنچہ وفا کے
او اچھالو گلوں کے ٹکڑے
رنگین فضاؤں میں رہنے کی رات آئی
چلئے مبارک جشن دوستی کا
دامن تو تھاما ہے کسی کا
ہمیں تو خوشی یہی ہے
تمہیں بھی کسی کو اپنا کہنے کی رات آئی
ساغر سے اٹھاؤ دل کا کس کو غم ہے
آج دل کی قیمت جام سے بھی کم ہے
پیو چاہے خون دل۔ پیو چاہے پیالے رہنے کی رات آئی ہے
تمام شد

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کرکے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے مگر ہستی زندگی کو پُر مسرت بنانا بالکل سہل ہوگا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آگئے ہیں وہ اس کتاب کو پڑھ ڈالیں پھر دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور بے پرواہ رہنے والے دل کس طرح خود بخود ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۱/- 3/ محصول ڈاک خرچ

عملیات تسخیر محبوب از ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آگئے ہیں۔ تو آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج شدہ اصولوں پر عمل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔

قیمت صرف ۱/- محصول ڈاک خرچ

عملیات تسخیر عالم

اس سلسلے کی یہ وہ لاثانی کتاب ہے جس کی لطف و عالم تحریر میں نہیں آسکتی۔ ایک دو نہیں سینکڑوں عملیات ہیں۔ اور ایک سے ایک لاجواب جنہیں مصنف نے برسوں تجربوں اور ریاضتوں کے بعد حاصل کیا اور بہ اسرار کی نیت بلا کم اس کتاب میں درج کردیے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸ آنہ محصول ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی